© rasailojaraid.com



# مطبوعات

انگریزی ترجمہ صحیح البخاری مشرح | از جناب محمد اسد صاحب (سابق لیوپولڈ وائس)

انگریزی زبان میں قرآن مجید کے تو بہت سے ترجمے ہو چکے ہیں، اور اب بھی ہو رہے ہیں لیکن حدیث کی کسی مستند کتاب کا آج تک ترجمہ نہیں ہوا، اور یہ ایک بہت بڑی کمی تھی جسکی وجہ سے انگریزی خواں لوگوں کے لیے اسلام سے پوری طرح واقف ہونا مشکل تھا۔ نہایت مسرت کی بات ہے کہ اس کمی کو پورا کرنے کا بیڑا ہمارے ایک جرمن نومسلم بھائی نے اٹھایا ہے، اور حدیث کی سب سے زیادہ اہم کتاب "بخاری" کو انگریزی میں منتقل کرنا شروع کر دیا ہے۔ فاضل مترجم کے متعلق ہمارا خیال یہ ہے کہ موجودہ دور میں جتنے یورپین حضرات نے اسلام قبول کیا ہے ان میں شائد بہت ہی کم آدمی ایسے ہوں گے جو دل و دماغ اور علمی زندگی کے لحاظ سے اس قدر مکمل مسلمان ہوئے ہوں۔ زیادہ تر یورپین نومسلم ایسے پائے جاتے ہیں جو محض سطحی نظر سے اسلام کی بعض خوبیاں دیکھ کر مسلمان ہو جاتے ہیں، مگر درحقیقت قبول اسلام سے ان کی ذہنیت اور ان کی زندگی میں کوئی خاص انقلاب نہیں ہوتا۔ ان میں سے اکثر تو اسلام کے ابتدائی معمولات تک کو نہیں سمجھتے۔ بلکہ مغربی تہذیب کے تصورات، اور زمانہ جدید کی وضیع المشربی کے اصول نہایت گہری جڑوں کے ساتھ ان کے دل و دماغ میں جمے ہوئے ہوتے ہیں۔ لیکن محمد اسد صاحب ان لوگوں سے بالکل مختلف ہیں۔ ان کی کتاب (Islam on the Cross Road) دیکھ کر ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ نومسلم تو درکنار، جو لوگ پشتینی مسلمان ہیں ان میں بھی بہت کم ایسے ہوں گے جو اسلام کو اتنا صحیح سمجھتے ہوں اور جنہوں نے اسلام کی روح کو اتنی اچھی طرح جذب کیا ہو۔ یہ چیز محض فہم ہی کی حد تک نہیں ہے بلکہ انہوں نے حجاز میں رہ کر عربی زبان اور علوم دینیہ کی تحصیل بھی کی ہے اور اسلامی لٹریچر کا کافی مطالعہ کر چکے ہیں۔

© rasailojaraid.com